الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

22جولائی 2022 اسلام آباد

اسلام آباد میں مقامی حکومتوں کے انتخابات کے انعقادکے حوالے سے حلقہ بندیوں کے شیڈول کے مطابق الیکشن کمیشن کی جانب سے قائم کردہ حلقہ بندی کمیٹی نے آج حلقہ بندیوں کی ابتدائی فہرست شائع کر دی ہے۔ جس کے مطابق اسلام آباد میں 101 یونین کونسلیں تشکیل دی گئی ہیں۔ہر یونین کونسل میں 6 جنرل وارڈز اور 2 خواتین کے وارڈز بنائے گئے ہیں۔ ابتدائی حلقہ بندیوں پر تجاویز اور اعتراضات 23 جولائی سے 7 اگست تک دائر کیے جا سکتے ہیں۔ ریجنل الیکشن کمشنر راولپنڈی کو حلقہ بندی اتھارٹی تعینات کیا گیا ہے جو تجاویز اور اعتراضات پر سماعت کرے گا، جس کا دفتر7/63 سی،سیٹلائیٹ ٹاون، ایران روڈ، چاندنی چوک، راولپنڈی میں واقع ہے۔ حلقہ بندی اتھارٹی 22 اگست تک تجاویز اور اعتراضات کو نمٹائے گی ۔ یونین کونسلوں اور وارڈ کی حلقہ بندی کی حتمی فہرست 26 اگست 2022 کو شائع کی جائے گی۔مزید معلومات کے لیے درج ذیل نمبرز پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

۔ حلقہ بندی اتھارٹی آفس: -051-19290176

ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر آفس اسلام آباد: -051-29261003

ترجمان الیکشن کمیشن آف پاکستان